آپ فرماتے ہین امام ابو حنیفہ کا مذہب اکثر ان صحابہ سے ماخوذ ہے جو کوفہ مین رہتے تھے انکے سوائے وہ انکے تابعیون سے امام جیسے ابراہیم (تابعی) کے مذہب پر تخریج کرنے مین عظیم الشان تھے ۔ آپکے صحبتیون (شاگردون) سے امام ابو یوسف ہارون رشید کے زمانہ مین قاضیون کے قاضی بنے یہی امر ملک عراق وماوراء النہر مین انکے مذہب پھیلنے کا سبب ہوا اور آپکے شاگردون سے امام محمد کو تصنیف کا ڈہب خوب آتا تہا انہون نے اپنی تصانیف مین اپنے اور اپنے استاذ (ابو حنیفہ) کی رائے کو جمع کیا ۔ حنفیہ علماء نے اون تصانیف (امام محمد) کے خلاصہ نکالنے اور اُنکو قریب الفہم کرنے اور انہین سے تخریج کرنے اور اُنکی بناء پر اور تالیف کرنے کی طرف توجہ کی ابو یوسف و محمد کا مذہب ابو حنیفہ کے مذہب مین شامل ہو کر ایک سمجھا گیا باوجودیکہ وہ اصول و فروع مین امام ابو حنیفہ کے مخالف ہین اسکی وجہ یہی ہے کہ ان دونون نے ابراہیم تابعی وغیرہ علماء کوفہ کی طریق اجتہاد سے تجاوز نہین کیا ۔ ایسا ہی محدث ولی اللہ دہلوی نے

الانصاف فی بیان سبب الاختلاف واعلم ان المجتهد علی اقسام ثلثة احدها المجتهد المطلق المستقل ومن شروطه فقه النفس وسلامة الذهن وصحة التصرف والاستنباط والتيقظ ومعرفة الادلة والاتها المذكورة فی الاصول وشروطها مع الفقه والضبط لامهات المسائل وثانيهما المجتهد المطلق المنتسب الی امام معين من الائمة المجتهدين لكن لا يقلده لا فی المذهب ولا فی الدليل لاتصافه بالات الاجتهاد وانما ينتسب اليه لسلوكه طريقه فی الاجتهاد وثالثها المجتهد فی المذهب وهو ان يكون مقيدا بمذهب امام مستقلا بتقرير اصوله بالدليل غير انه لا يجاوز فی ادلته اصول امامه وقواعده وشرطه كونه عالما بالمذهب واصوله وادلة الاحكام تفصيلا وكونه بصيرا بمسالك الاقيسة والمعانی تام الارتياض فی التخريج والاستنباط بقياس غير المنصوص عليه علی المنصوص۔

اپنے رسالہ (الانصاف فی بیان سبب الاختلاف میں کہا ہے دیکھو یہی) جان لے کہ **مجتہد تین قسم** ہیں ایک **مجتہد مطلق** مستقل اسکی شرط یہہ ہے کہ اسکی ذات (یا طبیعت) میں قوت اجتہاد و سلامت ذہن و صحت تصرف و استنباط و بیداری مغزی اور معرفت دلائل شرعیہ اور انکو آلات کی (جو علم اصول میں مذکور ہیں) اور ضبط مسائل اصول ہو جو دہو — **قسم دوم** مجتہد مطلق منتسب یہہ وہ ہے جو کہیں کسی مجتہد کیطرف منسوب ہو لیکن وہ اسکا مقلد نہو نہ اصول میں نہ فروع میں کیونکہ وہ خود اسباب اجتہاد کا محل ہوتا ہے اسکا کسی امام کیطرف منسوب ہونا صرف اسوجہ سے ہے کہ وہ اپنی اجتہاد میں اس امام کے طریق پر چلتا ہے **قسم سوم** مجتہد فی المذہب - یہہ وہ ہے کہ کسی امام کی مذہب کا پابند ہو اور اپنے اصول کے تقریر و دلایل بیان کرنے میں مستقل ہو - پھر وہ ان اصول و دلایل میں امام کے اصول و دلایل کی مخالفت نہ کرتا ہو اسکی شرط یہہ ہے کہ وہ اس مذہب کی اصول و دلایل سے بخوبی واقف ہو اور اسکی تخریج و استنباط پوری مشق رکھتا ہو یہہ شخص تقلید سے خالی نہیں ہوتا کیونکہ اسمیں بعض اسباب اجتہاد

لعلمه باصول امامه ولا يجوز عن تقليد لامامه لاخلاله له ببعض ادوات الاجتهاد المستقل كالنحو والحديث ونحو ذلك كما ذكره ابن حجر المكي في رسالته شن الغارة على من اظهر معرة تقوله في الحنا وعواره اما القسم الاول فما يتصف به الائمة الاربعة ومن بعدهم وقال ابن حجر قال ابن الصلاح ان هذه المرتبة قد انقطعت من نحو ثلث مائة سنة ولابن الصلاح نحو ثلث مائة فيكون انقطعت من نحو ستمائة سنة بل نقل ابن الصلاح عن بعض الاصوليين انه لم يوجد بعد عصر الشافعي مجتهد مستقل وفي الميزان لعبد الوهاب الشعراني قد نقل الجلال السيوطي ان الاجتهاد المطلق على قسمين مطلق غير منتسب كما عليه الائمة الاربعة ومطلق منتسب كما عليه اكابر اصحابهم قال ولم يدع الاجتهاد المطلق غير المنتسب بعد الائمة الاربعة الا الامام محمد بن جرير الطبري ولم يسلم له ذلك انتهى لكن النقل عن الميزان الشعراني انتهى قال

مثل علم نحو حدیث وغیرہ کا نقصان پایا جاتا ہے۔ ایسا ہی ابن حجر نے **رسالہ شن الغارہ** مین کہا ہے۔ قسم اول اجتہاد تو ائمہ اربعہ اور انسے پچھلے مجتہدوں مین پایا جاتا ہے۔ ابن حجر نے کہا ہے کہ ابن صلاح نے فرمایا ہے کہ یہہ مرتبہ تین سو برس سے موقوف ہو چکا ہے۔ اور تین سو برس ابن الصلاح کو ہوچکے ہین۔ تو اب (نوین صدی مین جو ابن حجر کا زمانہ ہے) اس مرتبہ کی انقطاع کو چھہ سو برس ہو لئے بلکہ ابن الصلاح نے تو بعض اصولیون سے یہہ بھی نقل کیا ہے کہ زمانہ امام شافعی کے بعد مجتہد مستقل کوئی نہین ہوا شعرانی کی میزان کبری مین ہے کہ جلال الدین سیوطی نے کہا ہے کہ اجتہاد دو قسم ہے اجتہاد مطلق غیر منتسب جیسے ائمہ اربعہ تھے۔ اجتہاد مطلق منتسب جیسے انکے اکابر شاگردان یا (اہل مذہب) تھے پھر کہا کہ اجتہاد مطلق غیر منتسب کا دعوی ائمہ اربعہ کے بعد بجز امام محمد بن جریر طبری کسی نے نہین کیا۔ اور انکا دعوی مانا نہین گیا۔+ ایسا ہی مولوی صاحب موصوف نے میزان شعرانی سے نقل کیا ہے

+ یعنی سچے نہیں مانا چنانچہ کلام صاحب نافع کبیر جو صفحہ (۲۳) مین منقول ہوگا اسپر شاہد ہے ورنہ بعض علماء مین انکے اجتہاد کا مسلم ہونا تو محل انکار نہیں ہے۔ دیکھو معیار الحق مطبوعہ دہلی صفحہ (۲۷) جسمین انکا اور کئی اور مستقل مجتہدین کا اجتہاد

وقال بحر العلوم اللكنوي في شرح تحرير
الاصول اعلم ان بعض المتعصبين
قالوا اختتم الاجتهاد المطلق على الائمة
الاربعة ولم يوجد مجتهد مطلق بعدهم
والاجتهاد في المذهب اختتم على العلامة
النسفي صاحب الكنز ولم يوجد مجتهد
في المذهب وهذا اغلوطة ورجم بالغيب
فان سئل من اين علمتم هذا لا يقدرون
على ابداء الدليل اصلًا ثم هو تحكم على
قدرة الله تعالى فمن اين يحصل علم
ان لا يوجد الى يوم القيمة احد
يتفضل الله عليه بمقام الاجتهاد
فاجتنب عن مثل هذه التعصبات انتهى
وقال هو ايضًا في شرح مسلم الثبوت
من الناس من حكم بوجوب خلو الزمان
عن المجتهد بعد العلامة النسفي
وعنوا به الاجتهاد في المذهب واما الا
جتهاد المطلق فقالوا اختتم بالائمة
الاربعة حتى اوجبوا تقليد واحد من
هؤلاء على الامة وهذا كله هوس
من هوساتهم لم ياتوا بدليل ولا

پہر فرمایا کہ **بحر العلوم لکہنوی** نے **شرح تحریر ابن الہمام** مین فرمایا ہے تو جانے
بعض متعصبون نے کہا ہے کہ اجتہاد مطلق ائمہ
اربعہ پر ختم ہو چکا انکے بعد مجتہد مطلق کوئی
نہین ہوا اور اجتہاد فی المذہب علامہ نسفی
صاحب کنز پر ختم ہوا ہے اسکے بعد مجتہد فی
المذہب کوئی نہین یہہ بات غلط اور غیب سے
پتہر مارنا ہے اگر کوئی انسے پوچہے کہ یہہ بات تم نے
کہان سے جانی تو اسپر دلیل پیش نکر سکین گے
پہر یہہ تو خداتعالی کی قدرت پر دہینگا دینگی
کا ایک حکم لگانا ہے یہہ کہان سے معلوم ہو سکتا ہے
کہ قیامت تک خداتعالی کسی پر منصب اجتہاد کا
فضل نکریگا ایسے تعصبات سے بچنا چاہیے
اور **بحر العلوم** نے **شرح مسلم** مین
فرمایا ہے بعض لوگون نے علامہ نسفی کی
بعد مجتہد فی المذہب سے تمام زمانہ کے خالی
ہو جانیکا حکم لگا دیا ہے۔ اور اجتہاد
مطلق تو وہ ائمہ اربعہ ہی پر ختم کر چکے
ہین یہانتک کہ تمام امت پر ان ہی مین سے
کسی نہ کسی کی تقلید واجب سمجہتے ہین یہہ سب انکی
ہوسین ہین جنپر وہ کوئی دلیل نہین لاسکے

Digitized by Khilafat Library Rabwah.

لا يعبأ بكلامهم وانما هم من الذين حكم الحديث عليهم انهم افتوا بغير علم فضلّوا واضلّوا ولم يفهموا ان هذا اخبار بالغيب في خمس لا يعلمهن الا الله انتهى **والحاصل** ان من ادعى بانه قد انقطعت مرتبة الاجتهاد المطلق المستقل بالائمة الاربعة انقطاعا لا يمكن عوده فقد غلط وخبط فان الاجتهاد رحمة من الله سبحانه ورحمة الله لا تقتصر على زمان دون زمان ولا على بشر دون بشر ومن ادعى انقطاعها في نفس الامر مع امكان وجودها في كل زمان فان اراد انه لم يوجد بعد الاربعة مجتهد اتفق الجمهور على اجتهاده وسلموا استقلاله كاتفاقهم على اجتهادهم فهو مسلم والا فقد وجد بعدهم ايضا ارباب الاجتهاد المستقل كابي ثور البغدادي وداؤد الظاهري ومحمد بن اسمعيل البخاري وغيرهم على ما لا يخفى على من طالع كتب الطبقات

اور انکی اس کلام کا کچھ بھی اعتبار نہین۔ یہہ وہ لوگ ہین جنکے حق مین حدیث نبوی کا یہہ حکم ہے کہ انہون نے لاعلمی سے فتوی دیا پس خود گمراہ ہوئے اور اورون کو بھی گمراہ کیا۔ انہون نے یہہ نہ سمجھا کہ یہہ بات تو اون پانچ غیبی باتون سے ہے جنکا علم بجز خداتعالی کسی کو نہین ہے۔ **اس کلام کا حاصل** (مولوی صاحب فرماتے ہین) یہہ ہے کہ جو یہہ دعوی کرے کہ اجتہاد مطلق مستقل ائمہ اربعہ پر ایسا ختم ہوا ہی جسکا کہ پھر کسی سے ہونا ممکن نہین ہے تو اسنے غلط کہا اور خبط کیا کیونکہ اجتہاد خدا کیطرف سے رحمت ہے وہ کسی زمانہ اور کسی بشر سے مخصوص نہین۔ اور جو یہہ دعوی کرے کہ ائمہ اربعہ کے بعد مجتہد مستقل کا ہونا ممکن تو تھا پر یہہ امکان وقوع مین نہین آیا اور انکے بعد ایسا مجتہد کوئی نہین ہوا اسکی مراد اگر یہہ ہے کہ انکے بعد ایسا مجتہد مستقل کوئی نہین ہوا جسکے اجتہاد کو سب نے مان لیا ہو جیسا کہ ائمہ اربعہ کے اجتہاد کو سبنے مان لیا ہے تو یہہ دعوی مسلم ہے اور اگر یہہ مراد ہو کہ انکے بعد کسی کا مجتہد مستقل ہونا کسی نے بھی نہین مانا تو یہہ غلط ہی۔ ائمہ اربعہ کے بعد بھی مجتہد مستقل ہوئے ہین

واما القسم الثاني فاتصف بہ ابو يوسف ومحمد وغيرهما من اصحاب ابي حنيفة وفي الشافعية كثيرون بلغوا هذه المرتبة كالنووي وابن الصلاح وابن دقيق العيد وتقي الدين السبكي وابنه تاج الدين السبكي والسراج البلقيني وابن الزملكاني والسيوطي وغيرهم ممن عاصرهم او تقدمهم على ما ذكره السيوطي في حسن المحاضرة في اخبار مصر والقاهرة وغيره **وفي الانصاف** انقرض المجتهد المطلق المنتسب في مذهب ابي حنيفة بعد المائة الثالثة وذلك لانه لا يكون الا محدثا جيدا واشتغالهم بعلم الحديث قليل قديما وحديثا وانما كان فيه المجتهدون في المذهب وهذا الاجتهاد اراد من قال ادنى الشروط للمجتهد ان يحفظ المبسوط وقل المجتهد المنتسب في مذهب

جیسے ابو ثور بغدادی اور داؤد ظاہری اور محمد بن اسمٰعیل بخاری وغیرہ جنکا حال ناظرین طبقات پر مخفی نہین ہے - **قسم دوم اجتہاد** امام ابو یوسف اور امام محمد وغیرہ امام ابوحنیفہ کے شاگردان اور متبعین مین پایا جاتا ہے - شافعیہ سے اس رتبہ اجتہاد کو بہت لوگ پہنچے ہین جیسے امام نووی - ابن الصلاح - ابن دقیق العید - تقی الدین سبکی اسکا بیٹا تاج الدین سبکی - سراج الدین بلقینی - ابن الزملکانی سیوطی وغیرہ جو ان ائمہ کے ہمعصر تھے یا ان سے پہلے گذر چکے تھے چنانچہ امام سیوطی نے (حسن المحاضرہ فی اخبار مصر والقاہرہ) مین ذکر کیا ہے اور **انصاف** (تالیف شاہ ولی اللہ صاحب) مین ہے مجتہد مطلق منتسب امام ابوحنیفہ کے مذہب مین تیسری صدی کے بعد گذر چکے کیونکہ مجتہد مطلق جید محدث ہوتا ہے اور ان لوگون کا شغل علم حدیث سے زمانہ قدیم وجدید مین کم رہا ہے انمین مجتہد فی المذہب ہی رہے ہین - یہی اجتہاد فی المذہب اس شخص کی مراد ہے جسنے کہا ہے کہ مجتہد کے لیئے

مالك وكل من كان منهم بهذه المنزلة فانه لا يعد تفرده وجهاً في المذهب كابن عبد البرّ وابي بكر بن العربي وأما مذهب احمد فكان قليلاً قديماً وحديثاً وكان فيه المجتهدون طبقة بعد طبقة الى ان انقرض في المائة التاسعة واضمحل في اكثر البلاد اللهم الا اناس قليلون بمصر وبغداد وأما مذهب الشافعي فاكثر المذاهب مجتهداً مطلقاً ومجتهداً في المذهب واكثر المذاهب اصولياً ومتكلما واوفرها مفسراً للقرآن وشارحاً للحديث واسندها اسناداً ورواية وكان اوائل اصحابه مجتهدين بالاجتهاد المطلق ليس فيهم من يقلّده في جميع مجتهداته حتى نشأ ابن سريج فاسس قواعد التقليد والتخريج ثم جاء اصحابه يمشون في سبيله وينسجون على منواله ولذلك يعد من المجددين على راس المائتين انتهى۔ وامّا القسم الثّالث فاتصف به كثيرون من الاصحاب الحنفيّة كما

کم سے کم کتاب مبسوط امام محمد کا یاد ہونا شرط ہے۔ مالکی مذہب مین مجتہد منتسب کم ہوئے ہین انہین سے جو شخص اس رتبہ اجتہاد کو پہنچا ہے (جیسے ابن عبد البر اور ابوبکر بن عربی) انکا قول مالکی مذہب کی ایک روایت متصور نہین۔ امام احمد کا مذہب پُرانے اور نئے زمانہ مین کم رہا پر انہین طبقہ بطبقہ مجتہد مطلق چلے آئے یہانتک کہ نوین صدی مین وہ سب تمام ہوئے اور یہہ مذہب اکثر شہرون مین مضمحل ہوگیا بجز مصر و بغداد کہ وہان چند لوگ اس مذہب کے رہے۔ رہا شافعی مذہب اسمین مجتہد مطلق اور مجتہد فی المذہب اور اصولی اور مفسر اور حدیث کے شارحین سب مذاہب سے زیادہ ہوئے ہین اور یہہ مذہب اسناد و روایت مین سب سے بڑھکر ہے اس مذہب کے پہلے لوگ تو مجتہد مطلق تھے انمین کوئی ایسا نہ تھا کہ امام شافعی کا سبھی اجتہادی مسائل مین مقلد ہو یہانتک کہ ابن سریج پیدا ہوا اور اسنے تقلید و تخریج کا طریق نکالا اسکے بعد جو آیا اسنے وہی طریق اختیار کیا اسی وجہ سے ابن سریج دوسری صدی کے مجددین (نئے طریق نکالنے والون) سے شمار ہوا **آب**

ذکرہ مفصلاً وفی بقیة المذاهب ایضا کثیرون بلغوا هذه المرتبة

رہا قسم سوم اجتہاد سو حنفیون مین سے بہت لوگون مین پایا جاتا ہے اور باقی مذاہب کے لوگون سے بھی اس رتبہ کو بہت لوگ پہنچے ہین۔

اسکے بعد مولوی صاحب موصوف نے کتاب اعلام الاخیار کفوی اور رد المحتار حاشیہ دُرّ المختار سے مسائل مذہب حنفی کے تین درجات بیان کیے ہین بعینہ اِس بیان کے مطابق جو علامہ ہارون سے ضمیمہ نمبر ۵ مین بصفحہ (۳۰) منقول ہو چکا ہے

لعلك تتفطن من هذ البحث انه ليس كل ما في الفتاوى المعتبرة المختلطة كالخلاصة والظهيرية وفتاوى قاضيخان وغيرها من الفتاوى التي لم يتميز اصحابها بين المذاهب والتخاريج وغير قول ابي حنيفة و صاحبيه بل منها ما هو منقول عنهم ومنها ما هو مستنبط الفقهاء و منها ما هو مخرج الفقهاء فيجب على الناظر فيها ان لا يتجاسر على نسبة كل ما فيها اليهم بل يميز بين ما هو قولهم وما هو مخرج من بعدهم ومن لم يتميز بين ذلك وبين هذا اشكل الامر عليه ألا ترى في مسئلة العشر في العشر في بحث الحياض فان الفتاوى مملوة

اِسکے بعد فرمایا ہے شاید تونے اس بحث سے سمجھ لیا ہوگا کہ جو مسائل اُن گذشتہ فتاوون مین (جیسے خلاصہ ظہیریہ قاضیخان وغیرہ جو اصل مذہب اور اسکی تخریج مین تمیز نہین کرتے) پائے جاتے ہین یہہ سبھی امام ابوحنیفہ اور اُنکے شاگردون کے اقوال نہین ہین بلکہ بعض انہین سے اُن ائمہ سے منقول ہین بعض فقہاء کے مستنبط مسائل بعض فقہاء کی تخریجات۔ لہٰذا ان مسائل مین نظر کرنیوالون کو چاہیے کہ ان سب مسائل کو اون ائمہ کی طرف منسوب کرنے مین دلیری نکرین بلکہ اصل قول اور اسکی تخریج مین تمیز کرلین۔ جو یہہ تمیز نہین کرتا اُسکو بہت سے مسائل مین اشتباہ واشکال پیدا ہوتا ہے۔ دیکھو مسئلہ دہ دردہ

من اعتياده والفتوى عليه مع انه ليس مذهب صاحب المذهب وانما مذهبه كما صرح به محمد في الموطا وقدماء اصحابنا هو انه لو كان الحوض بحيث لا يتحرك احد جوانبه بتحريك الجانب الآخر لا يتنجس بوقوع النجاسة فيه والا يتنجس ومن لم يتيقنه وظن انه مذهب صاحب المذهب تعسر عليه الامر في تاصيله على اصل شرعي معتمد عليه وقد حققت هذا البحث بما لا مزيد عليه في شرح شرح الوقاية فليراجع وكذلك مسئلة الاشارة في التشهد فان كثيرا من كتب الفتاوى متواردة على منعها وكراهتها فيظن الناظرون فيها انه مذهب ابي حنيفة وصاحبيه فيشكل عليهم الامر بورود احاديث متعددة قولية وفعلية تدل على جوازها وسنيتها قال علي القاري المكي في رسالته تزئين العبارة لتحسين الاشارة بعدما ذكر

متاخرین کے فتاوے اسکی معتبری بیان کرنے اور اس پر فتوی دینے سے پر ہین باوجودیکہ یہہ اصل مذہب نہین ہے اصل مذہب حنفی (چنانچہ امام محمد نے موطا مین اور ہمارے کئی قدیم علمانے بیان کیا ہے) یہہ ہے کہ اگر حوض اتنا وسیع ہو کہ اسکی ایک جانب کے پانی کو ہلانے سے دوسری جانب نہ ہلے تو اسکی ایک جانب مین نجاست پڑجانے سے دوسری جانب نجس نہین ہوتی۔ جو اس بات کو خوب نہین سمجھتا اور وہ دردہ کو اصل مذہب حنفی سمجھتا ہے اسپر اس مسئلہ کے لیئے کوئی شرعی اصل نکالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی التحیات مین اشارہ بالسبابہ کا مسئلہ ہے بہت سے فتاوون کا اسکی ممانعت وکراہت پر اتفاق ہے اور فتاوون کو دیکھنے والا یہہ سمجھتا ہے کہ یہہ امام ابوحنیفہ اور انکے شاگردون کا مذہب ہے پھر اسکو یہہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ بہت سے حدیثین قولی و فعلی اشارہ کے جواز و مسنون ہونے پر شاہد ہین پھر اس مذہب کراہت وممانعت کی کیا اصل ہے ملا علی قاری نے رسالہ تزئین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین احادیث رفع سبابہ کے نقل

الاخبار الدالة على الاشارة لم يعلم من الصحابة ولا من علماء السلف خلاف في هذه المسئلة ولا في جواز الاشارة بل قال به امامنا الاعظم وصاحباه وكذا مالك والشافعي واحمد وسائر علماء الامصار والاعصار وقد نص عليه مشائخنا المتقدمون والمتاخرون فلا اعتداد لما ترك هذه السنة الاكثرون من سكان ماوراء النهر واهل خراسان والعراق وبلاد الهند ممن غلب عليهم التقليد وفاتهم التحقيق والتاييد من التعلق بالقول السديد وقد ذكر محمد في موطائه حديثا في ذلك ثم قال وبصنيع رسول الله صلى الله عليه وسلم ناخذ وهو قول ابي حنيفة ونقل الشمني في شرح النقاية انه قال ابو يوسف في الامالي انه يعقد الخنصر والبنصر ويحلق بالوسطے والابهام ويشير بالسبابة انتهے كلامه ملخصا ثم قال علي القاري وقد اغرب الكيداني حيث قال والعاشر من المحرمات الاشارة

کرنیکے بعد کہاہے کہ صحابہ اور پچھلے علما کا اس مسئلہ مین اختلاف نہین ہوا۔ بلکہ خود امام اعظم اور انکے شاگردان اور امام مالک وشافعی وامام احمد وغیرہ سبھی شہرون اور زمانون کے علمار اسکے قائل ہین اور ہمارے مشائخ متقدمین ومتاخرین بھی اسکو تبصریح بیان کرچکے ہین پھر جو اکثر ماوراء النہر وخراسان وعراق وہند کے رہنے والون نے (جنپر تقلید غالب ہوگئی ہے اور انسے تحقیق فوت ہوئی ہے) اسکو ترک کررکھاہے اسکا کچھ بھی اعتبار نہین۔ امام محمد نے اپنے موطا اِس باب مین حدیث وارد کی ہے پھر فرمایا کہ ہم بھی آنحضرتؐ اس فعل پر عمل کرتے ہین اور یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔ اور شمنی نے شرح نقایہ مین کہاہے کہ امام ابویوسفؒ نے امالی مین فرمایاہے کہ اشارہ کرنیکے وقت سب سے چھوٹی انگلی اور اسکی ساتھ والی کو اکٹھا کرلے اور بیچ والی انگلی اور انگوٹھی کا حلقہ بناوے اور کلمے کی انگلی اٹھاوے یہہ کلام شمنی کا خلاصہ ہے۔ پھر ملا علی قاری نے کہاہے کہ کیدانی نے انوکھی بات کہی ہے

بالسبابة كاهل الحديث اى مثل اشارة جماعة يجمعهم العلم بحديث رسول الله صلى الله عليه وسلم وهذا منه خطأ عظيم وجرم جسيم منشأه الجهل عن قواعد الاصول و مراتب الفروع من النقول ولولا حسن الظن به وتأويل كلامه بسببه لكان كفره صحيحًا وارتداده صريحًا فهل يحل لمؤمن ان يحرم ما ثبت عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ماكاد ان يكون متواترًا في نقله ويمنع جواز ما عليه عامة العلماء كابرًا عن كابر انتهى فظهر منه ان قول النهى المذكور في الفتاوى انما هو من تخريجات المشائخ لا من مذهب صاحب المذهب فقس عليها امثاله وهي كثيرة لا تخفى على المحقق واذا عرفت هذا فيسهل الامر في دفع طعن المعاندين على الامام ابي حنيفة وصاحبيه فانهم طعنوا في كثير من المسائل المندرجة في فتاوى الحنفية انها مخالفة للاحاديث الصحيحة او انها ليست

جہان یہہ کہدیا ہے کہ دسوان فعل حرام نماز مین اشارہ کرنا ہے جیسے اہلحدیث کرتے ہین اسکا یہہ کہنا بڑا گناہ اور بھاری جرم ہے جسکا منشا و سبب قواعد اصول و مراتب فروع سے جہالت ہے اگر حسن ظنی اور اسکے سبب تاویل کی گنجایش نہوتی تو اسکا کفر ثابت ہوچکا تھا اور مرتد ہونا کھلم کھلا تھا بھلا کوئی مومن آنحضرت صلعم کے ایسے فعل کو جسکی نقل تواتر کے قریب ہو حرام کہہ سکتا ہے اور اس فعل سے جسپر اکابر علماء چلے آئے ہین منع کرسکتا ہے؟۔ ملا علی قاری کا کلام تمام ہوا۔ اس سے ظاہر ہو کہ جو فتاوون مین ممانعت اشارہ مذکور ہے یہہ اصل بانی مذہب کا قول نہین ہے۔ صرف علماء مذہب کی تخریجات سے ہے۔ اسپر اسکے نظائر کو قیاس کرلے۔ جب تونے یہہ جان لیا تو اب تجہے امام ابوحنیفہ اور انکے شاگردون کے معاندین کے طعنون کو جواب دینا آسان ہوگیا انہون نے بہت مسائل پر جو حنفیون کے فتاوون مین درج ہین یہہ طعن کیا ہے کہ یہہ صحیح حدیثون کے مخالف ہین

متاصلة على اصل شرعي ونحو ذلك وجعلوا ذلك ذريعة الى طعن الائمة الثلثة ظنا منهم انها مسائلهم و مذاهبهم وليس كذلك بل هي من تفريعات المشائخ استنبطوا من الاصول المنقولة عن الائمة فوقعت مخالفة للاحاديث الصحيحة فلا طعن بها على الائمة الثلثة بل ولا على المشائخ ايضًا فانهم لم يقرروها مع علمهم بكونها مخالفة للاحاديث اذ لم يكونوا متلاعبين في الدين بل من كبراء المسلمين بهم وصل الينا ما وصل الينا من فروع الدين بل لم يبلغهم تلك الاحاديث ولو بلغتهم لم يقرروا على خلافها فهم في ذلك معذورون وماجورون

اور انکے لیئے شرع مین کوئی اصل نہین ہے اور اس امر کو انہون نے ان امامون پر طعن کرنے کا ذریعہ بنایا ہے یہہ سمجھکر کہ یہہ مسائل ان امامون کے مسائل ہین اور انکے مذہب مین داخل۔ اور حقیقت مین بات یون نہین۔ وہ مسائل تو صرف حنفی علماء کے مسائل ہین جو انہون نے اصول امام سے استنباط کیئے ہین پھر وہ احادیث صحیحہ کے مخالف نکلے۔ لہذا ان مسائل کے سبب اون تین امامون پر طعن نہین ہوسکتا۔ بلکہ اون علماء (ان مسائل کے استنباط کرنیوالون) پر بھی طعن مناسب نہین کیونکہ انہون نے دیدہ و دانستہ احادیث کا خلاف نہین کیا اور نہ ان مسائل کو احادیث صحیحہ کے مخالف جانکر قائم رکھا ہے وہ دین سے ہنسی کرنیوالے نہ تھے بلکہ وہ بڑے مسلمان سے تھے جنکے سبب ہمکو مسائل دین پہنچے ہین انکو وہ حدیثین نہین پہنچی اور اگر انکو وہ حدیثین پہنچ جاتین تو وہ ان احادیث کے برخلاف ان مسائل کو قائم و مقرر نہ رکھتے۔ اسلیئے وہ ان مسائل مین احادیث صحیحہ کا خلاف کرنے مین معذور ہین اور ان مسائل مین خطا کرنے پر ماجور۔

اسکے **بعد** مولوی صاحب نے امام ابوحنیفہ وغیرہ ائمہ سے نقل کیا ہے کہ جبکہ ہمارے اقوال احادیث صحیحہ کے مخالف ہون تو انکو ترک کردو اور احادیث صحیحہ پر عمل کرو

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فبناء على هذا امكن لنا ان نورد تقسيما آخر للمسائل فنقول الفروع المذكورة في الكتب على طبقات الاولى المسائل الموافقة للاصول الشرعية المنصوصة في الآيات او السنن النبوية او الموافقة لاجماع الامة او قياسات ائمة الملة من غير ان يظهر على خلافها نص شرعي جلي او خفي والثانية المسائل التي دخلت في اصول شرعية ودلت عليها بعض آيات او احاديث نبوية مع ورود بعض آيات دالة على عكسه او احاديث ناصة على نقيضه لكن دخولها في الاصول من طريق اصح واقوى مما يخالفها وروده من سبيل اضعف واخفى وحكم هذين القسمين هو القبول كما دل عليه المعقول والمنقول والثالثة التي دخلت في اصول شرعية مع ورود ما يخالفها بطرق صحيحة قوية والحكم فيه لمن اوتي العلم والحكمة اختيار الارجح بعد وسعة النظر ودقة الفكرة ومن لم يتيسر له ذلك فهو مجاز في ما هنالك والرابعة التي لم يستخرج الا من القياس وخالفه دليل فوقه غيره قابل

پھر فرمایا کہ اس بنا پر ہم مسائل مذہب حنفی میں ایک اور تقسیم بیان کر سکتے ہیں وہ یہہ کہ مسائل مذہب حنفی کے پانچ طبقہ (درجہ) ہیں اول وہ مسائل جو اصول شرعیہ آیات و احادیث و اجماع امت کے موافق ہیں یا وہ قیاس++ مجتہدین کے موافق ہیں اور کوئی نص آیت و حدیث انکے مخالف نہیں ہے

درجہ دوم وہ مسائل جو بعض آیات و احادیث کے موافق ہیں اور بعض آیات احادیث کے مخالف۔ پر جن آیات و احادیث کے وہ موافق ہیں وہ ثبوت اور دلالت میں زیادہ قوی ہیں۔ اِن دو قسموں کا حکم یہہ ہے کہ وہ مقبول ہیں چنانچہ معقول و منقول اسپر شاہد ہے

درجہ سوم وہ مسائل جو دلائل شرعیہ کے موافق ہیں پر ویسے ہی صحیح و قوی دلائل انکے مخالف بھی ہیں۔ اِن مسائل کا حکم یہہ ہے کہ جسکو علم اور سمجھ ہو وہ اپنے فکر و نظر کو کام میں لاوے جسطرف ترجیح دیکھے اسکو اختیار کرے۔ اور جسکو یہہ امر (قوت ترجیح) میسر نہو وہ خود مختار ہے جس جانب چاہے میلان کرے

درجہ چہارم وہ مسائل جنپر صرف قیاس شاہد ہے اور کتاب و سنت و اجماع کی شہادت اسکے خلاف ہے۔

++ اہل ظواہر کو حجیت قیاس سے اتفاق نہیں ہے دیکھو ضمیمہ حصہ یازدہم نمبر ۱۶ مطبوعہ سنہ ۸۸ ع

للاندراس وحكمه ترك الادنى واختيار الاعلى وهو عين التقليد في صورة ترك التقليد والخامسة التي لم يدل عليها دليل شرعي لا كتاب ولا حديث ولا اجماع ولا قياس مجتهد جلي او خفي لا بالصراحة ولا بالدلالة لانها من مخترعات المتأخرين الذين يقلدون طرق آبائهم و مشائخهم المتقدمين وحكمه الطرح والجرح فاحفظ هذا التفصيل فانه قل من اطلع عليه وباهماله ضل كثير عن سواء السبيل

اسکا حکم یہہ ہے کہ قیاس کو ترک کیا جاوے اور اس سے اعلی دلائل (کتاب و سنت و اجماع) کے مطابق عمل کیا جاوے۔ **درجہ پنجم** وہ مسائل جنپر نہ کتاب اللہ کی شہادت پائی جاتی ہے۔ نہ حدیث کی نہ اجماع کی۔ نہ قیاس کی بلکہ وہ ان متاخرین کے (جو اپنے بزرگون اور پہلے علماء کے مقلد ہوتے ہین) بنائے ہوئے مسائل ہین۔ اسکا حکم یہہ ہے کہ انکو پہینک دیا جاوے اور توڑا جاوے۔ **اس تفصیل** کو یاد رکھ کہ اس سے کم لوگ واقف ہین۔ اور اسکو چھوڑنے سے بہت لوگ سیدہے رستہ سے بہک گئے ہین۔

ناقل و مترجم کہتا ہے یہہ جو مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ مسائل مخالفہ حدیث جو کتب فتاوون مین ہین انکے سبب امام ابو حنیفہ پر طعن مناسب نہین یہہ نہایت درست و راست و انصاف کی بات ہے جسپر ہمارا دلی اعتقاد ہے چنانچہ اشاعۃ السنۃ نمبر ۶ جلد ۴ مین صفحہ ۱۸۱ اسے ۱۸۴ تک ہمنے بہت بسط و تفصیل کے ساتھ اس بات کی تشریح کی ہے اور اسکے ذریعہ سے اپنے اون اہلحدیث بہائیون کی خدمت مین (جو آجکل امام ابو حنیفہ کی غلطیان ظاہر کرتے ہین) یہہ التجا کی ہے کہ جس مسئلہ مین امام صاحب یا انکے شاگردون پر غلطی کا الزام قائم کرین اس مسئلہ کو ان ائمہ سے بتحقیق ثابت کرلین صرف شرح وقایہ و در مختار و قاضیخان وغیرہ فتاوون کی نقل و روایت پر اعتماد کرکے ان کتابون کی ہر بات کو ان ائمہ کے اقوال نہ سمجھ لین میرے بہائی اس بات کو پہر غور و انصاف سے سوچین اور اشاعۃ السنۃ نمبر ۶ جلد ۴ مین مکرر ملاحظہ فرماوین۔ **ایسا ہی** جو مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہہ امام بعض احادیث

نہ پہنچنے کے سبب معذور ہین ۔ یہہ بات بھی ہمارے اور ہر ایک محقق و منصف کے نزدیک مانی منائی ہوئی ہے ۔ ہمنے اسکی تفصیل بھی اپنے ضمیمہ اخبار نمبر یازدہم مطبوعہ مارچ سنہ ۷۸ مین بخوبی کی ہے ۔

ولیکن جو مولوی صاحب نے اس بات مین اتباع مذہب امام صاحب کو بھی شامل کر لیا ہے اور انکو بھی معذور و ماجور بتایا ہے اسمین ہمارے نزدیک تفصیل بکار ہے ۔

متقدمین اتباع و پیروان مذہب امام (جنکے زمانہ مین حدیث کی کتابین جمع نہوئی تھین) تو بیشک اس حکم مین اپنے ائمہ کے ساتھ شامل اور انکی مثل معذور ہین ۔ ولیکن متاخرین اتباع جناب (جنکی صدہا برس پہلے صحیحین و موطا مالک وغیرہ کتب صحاح وحسان جمع ہو چکی تھین) سبھی اور بہر حال معذور نہین ہو سکتے ۔ بلکہ جنکو استدلال و استنباط احادیث سے وہ خیال مانع رہا جو شعبی و ابراہیم وغیرہ تابعیون کو مانع رہا (جسکا بیان نمبر ۹ و ۱۰ جلد اول ضمیمہ اشاعۃ السنۃ مین حجۃ اللہ البالغہ سے ہو چکا ہے) وہ تو اپنے اس خیال کے سبب معذور ہین ۔ اور جنکو استدلال کتاب و سنت سے توقف نہ تھا وبا اینہمہ انہون نے استنباط مسائل کے وقت کتب حدیث کی طرف (جو انکے زمانہ مین موجود و متداول تھین) رجوع نکیا ۔ اور صرف اقوال ائمہ کو بمنزلہ نصوص قرار دیکر انسے استخراج و استنباط مسائل خلاف احادیث (جیسے ممانعت رفع سبابہ یا مسئلہ دہ وردہ) کیا یا ائمہ کی قیاسی باتون کو مقابلہ احادیث صحیحہ دستور العمل بنا رکھا ۔ وہ لوگ معذور نہین ہو سکتے ۔

ان ھی لوگون کی نسبت امام شعرانی وغیرہ محققین نے کہا ہے کہ یہہ لوگ معذور نہین ہین چنانچہ میزان کبریٰ مطبوعہ مصر کے صفحہ ۲۷ مین فرمایا ہے ———

واعتقادنا واعتقاد کل منصف فی الامام ابی حنیفۃ رضی اللہ عنہ بقرینۃ ما رھیناکا	ہمارا اور تمام منصفون کا اعتقاد امام ابوحنیفہ رح کی نسبت بقرینہ ان باتون کے جو ہمنے اوپر نقل کی ہین

اشتهر عنه من ذم الرأي والتبري منه ومن تقديمه النص على القياس انه لو عاش حتى دونت احاديث الشريعة بعد رحيل الحفاظ في جمعها من البلاد والثغور وظفر بها لاخذ بها وترك كل قياس كان قاسه وكان القياس قل في مذهبه كما قل في مذهب غيره بالنسبة اليه لكن لما كانت ادلة الشريعة مفرقة في عصره مع التابعين وتابع التابعين في المدائن والقرى والثغور كثر القياس في مذهبه بالنسبة الى غيره من الائمة ضرورة لعدم وجود النص في تلك المسائل التي قاس فيها بخلاف غيره من الائمة فان الحفاظ كانوا قد رحلوا في طلب الاحاديث جمعها في عصرهم من المدائن والقرى ودونوها فجاوبت احاديث الشريعة بعضها بعضا فهذا كان سبب كثرة القياس في مذهبه وقلته في مذهب غيره ويحتمل ان الذي اضاف الى الامام ابي حنيفة انه يقدم القياس على النص ظفر بذلك في كلام مقلديه الذين يلزمون العمل بما وجدوه عن امامهم من القياس

(یعنی رائی سے بیزار ہونا اور حدیث و قرآن کو قیاس پر مقدم کرتا) یہہ ہے کہ اگر وہ جیتے رہتے یہانتک کہ احادیث نبوی جمع ہوئین بعد سفر کرنے حفاظ حدیث کے اُسکے جمع کرنیکے لیئے شہرون اور سرحدون مین اور اون احادیث کو امام ابوحنیفہ رح پاتے تو اُنکو لے لیتے اور تمام قیاسون کو جو کر چکے تھے چھوڑ دیتے اور اُنکے مذہب مین قیاس کم ہوتا جیسے اوروں کے مذہب مین اُنکی نسبت کم ہے - ولیکن جبکہ دلائل شریعت (یعنی احادیث) انکے زمانہ مین تابعین و تبع تابعین کے ساتھ شہرون اور بستیون اور سرحدون مین متفرق تھے تو اونکے مذہب مین بہ نسبت اور اامونکی قیاس زیادہ ہوا ضرورت کے سبب اس لیئے کہ جن مسائل مین اُنہون نے قیاس کیا اُنمین نص نپائی - بخلاف اور اامون کے کہ اُنکے زمانہ مین حدیث کے حافظون نے شہرون اور بستیون مین حدیث جمع کرنیکو سفر کیئے - اور احادیث کو جمع کیا - آپ کے مذہب مین قیاس زیادہ ہونیکا اور اورون کے مذہب مین کم ہونیکا یہی سبب ہے اور یہہ بھی احتمال ہے کہ جسنے امام ابوحنیفہ کیطرف نص پر قیاس مقدم کرنیکو نسبت کیا ہے اُسنے یہہ

اس کا مفصل [illegible] ١٣٠٩ [illegible]

ويتركون الحديث الذي صح بعد موت الامام فالامام معذور واتباعه غير معذورين۔

حدیث کو جو بعد فوت امام صحیح ہوئی چھوڑ دیتے ہین ولیکن امام معذور ہے اور یہہ لوگ معذور نہین۔

اس عبارت میزان کو مولوی صاحب نے بھی بالاختصار اپنے رسالہ کے ص ۱ مین نقل کیا ہو اور اسپر ایسی تفریع کی ہو جو ہمارے اس بیان کی مصدق ہو جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ ایسے ضدی اتباع امام کو مولوی صاحب بھی معذور نہین سمجھتے آپ فرماتے ہین۔ مین کہتا ہون

اقول تفرق الناس من قديم الزمان الى هذا الاوان في هذا الباب الى الفرقتين فطائفة قد تعصبوا في الحنفية تعصبا شديدا والتزموا بما في الفتاوى التزاما شديدا وان وجدوا حديثا صحيحا او اثرا صريحا على خلافه زعموا انه لو كان هذا الحديث صحيحا لاخذ به صاحب المذهب ولحكم بخلافه وهذا جهل منهم بما روت الثقات عن ابي حنيفة من تقديم الاحاديث والاثار على اقواله الشريفة فترك مخالف الحديث الصحيح راى سديد وهو عين تقليد الامام لا ترك تقليد وطائفة زعموا ان الامام قاس على خلاف حديث وهجرها ورد بالشرع والاثار فظنوا في حقه ظنونا سيئة واعتقدوا

لوگ پرانے زمانہ سے ابتک دو فرقے ہو رہے ہین ایک فرقہ تو حنفیون مین سخت متعصب ہے اُنہون نے فتاوون کو پکڑ رکھا ہے۔ اور وہ اگر کوئی حدیث صحیح اُنکے خلاف مین پاتے ہین تو کہتے ہین یہہ حدیث صحیح ہوتی تو ہمارے مذہب کا امام اسکو لیتا اور اسکے خلاف حکم نہ دیتا۔ اور اُنکی یہہ بات اُنکی جہالت ہے اس بات سے جو ثقہ لوگون نے امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے کہ وہ اپنے اقوال سے حدیث کو مقدم سمجھتے۔ پس قول امام مخالف خلاف حدیث کو چھوڑ دینا بہت درست رای ہے۔ اور یہہ عین تقلید امام ہے نہ ترک تقلید۔ اور ایک فرقہ یہہ خیال کرتے ہین کہ امام ابوحنیفہ نے حدیثون کو عمداً چھوڑ کر اپنا قیاس کیا ہے۔ سو انہون نے اُنکے حق مین بدظنی کی اور اُنکی نسبت برا اعتقاد جمایا۔

عقائد قبیحۃ ومطالعۃ المیزان لہم نافع ولا وہامہم دافع فلیتخذ العاقل مسلک البین ویہجر طریقۃ الطائفتین انتہی۔

کتاب میزان کبریٰ کا مطالعہ دونو فریق کو نافع ہے اور اُنکے وہمون کو دافع۔ دانا کو چاہیے کہ بیچ کی چال اختیار کری اور اُن دونو فریق کی راہ چھوڑ دے۔

بالجملہ عبارات نافع کبیر سے خوب ثابت ہوتا ہے کہ جو کچھہ علامہ ہارون نے تجویز اجتہاد و مسائل مذہب حنفیہ و طبقات مجتہدین کی نسبت کہا ہے یہہ اکابر علماء حنفیہ وغیرہ کی قلم و زبان سے نکل چکا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی کلام مین علامہ ہارون کی اور بہی تائید پائی جاتی اور یہہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جو علامہ ہارون نے تجویز و اقسام اجتہاد مین کہا یہہ سلف سے خلف تک متفق علیہ و مسلّم چلا آیا ہے

جناب کی کلام مین اور بہی فرائد فوائد بکثرت موجود ہین - اسلیے اس کلام کا بتمام و کمال اسمقام مین نقل کرنا موجب وسعت نظر و مورث زیادہ بصیرت اہل تحقیق معلوم ہوتا ہے جناب ممدوح رسالہ انتباہ الاذکیا فی سلاسل اللہ کے جلد دوم مین فرماتے ہین۔

مقدمہ باید دانست کہ یکی از واجبات اسلام معرفت احکام الٰہی ست و طریق معرفت آن ہا کتاب و سنت و آثار صحابہ و تابعین و استنباط از کتاب و سنت ست و آنرا در عرف علما فقہ گویند و فقہا را مذاہب مختلف ست و مسالک متنوع و متاخران را در اختیار مذاہب فقہا و عمل بر آنہا اختلاف ست اکثر متاخران تقلید مذہبی از مذاہب مشہورہ کنند و در کلیات و جزئیات زمام اختیار از دست دادہ مانند سفینہ مجبور علیہ باشند و این راہ مبارک ست کسی را کہ از علم کتاب و سنت بہرہ نیافتہ باشد و در مدارک علما خوض نکردہ بود بیک شرط کہ ہمگی ہمت ایشان اتباع کتاب و سنت باشد پس اگر اجتہاد متبوع خود را مخالف صریح کتاب و سنت دانند و غالب ظن حاصل شود کہ این اجتہاد مخالف کتاب و سنت ست دست از تقلید آن در آن مسئلہ باز دارند و تقلید دیگران

مسئله بکسبی کنند که قول او موافق بوده باشد وکتاب وسنت را اگر مخالف مذهب متبوع خود افتد
رد نکنند و عمل بر آن ممتنع ندانند و نگویند که ذمهٔ ما مشغول شده است بتقلید شخصی پس ما را تخلف از
اتباع وی ممتنع ست اگرچه حدیثی بما مخالف نص متبوع خود برسد و تاویل فاسد که طبع سلیم از
قبول وی ابا کند برای احکام وضع متبوع خود راست نکنند و ظن غالبی که از احادیث مرویه در کتب
مشهوره حاصل میشود بمکابره انکار نکنند و دیده و دانسته را بجهل مرکب نادیده و نادانسته
نشمارند و اگر این شرط فوت شود در قول خدا تعالی ام+ آتیناهم کتابا من قبله فهم به
مستمسکون بل قالوا انا وجدنا اباءنا علی امة وانا علی آثارهم مهتدون - ‡ وکذلک
ما ارسلنا من قبلك فی قریة من نذیر الا قال مترفوها انا وجدنا اباءنا علی امة وانا علی
آثارهم مقتدون - قال ‡‡ اولو جئتکم باهدی مما وجدتم علیه آباءکم قالوا انا بما ارسلتم به
کافرون - ‡‡‡ واذا قیل لهم اتبعوا ما انزل الله قالوا بل نتبع ما الفینا علیه آباءنا اولو کان
آباؤهم لا یعقلون شیئا ولا یهتدون داخلست و جمعی از متاخران که علم سنت و آثار کسب کرده باشند کنند
تتبع کلام فقیهی کنند از فقهاء اسلام پس احادیثی و آثاری که آن فقیه بآن تمسک کرده است روایت
و بطریق تطبیق احادیث متخالفه و ماخذ احکام آشنا شوند و انتصار مذهب خود کنند و بتفریع بر اصول

+ کیا ہمنے انکو اس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے جسکو وہ تہامے ہوئے ہین- نہین- انہون نے تو یہی کہاہے کہ ہمنے اپنے بزرگون کو ایک طریق پر پایا ہم ان ہی کے قدمون پر چلینگے-

‡ ایسا ہی ہمنے تیرے پہلے کسی بستی مین کوئی ڈرانیوالا نہ بہیجا مگر وہان کے اہل نعمت نے کہا ہمنے اپنے بڑون کو ایک طریق پر پایا ہے- ہم ان ہی کی چال کی پیروی کرینگے-

‡‡ نبی نے کہا کہ بہلا اگر مین تمہارے پاس ایسی چیز لایا ہون جو تمہارے بزرگون کی طریق سے زیادہ رہنما ہو وہ بولے ہم تو اس سے جو تم لائے ہو منکر ہین-

‡‡‡ جب انکو کہا جائے تم اسکی پیروی کرو جو خدا نے اتارا ہے تو کہتے ہین کہ ہم تو اسی کی پیروی کرینگے جسپر ہمنے اپنے بڑون کو پایا ہے کیا اگرچہ وہ کچھہ عقل نرکہتے ہون اور نہ راہ پانے والے-

امام خود مشغول شوند و این جماعه را مجتهد فی المذهب گویند و بمتبوع منسوب کنند حنفی یا شافعی مثلاً و این راه نیز مبارک ست بشرطیکه تدارک کتاب و سنت نکنند و مناظره ایشان برای اظهار حق باشد نه برای احکام وضع خود و هدم وضع مخالف والله اعلم و حکی از نعم آلهی برین ضعیف آنست که احادیث و آثار متمسک هر یکی از فقهای اربعه اصحاب مذاهب مشهوره را روایت کرد و صنائع ایشان در استنباط اجمالاً و تفصیلاً ادراک نمود و بر مختارات هر یکی مطلع شد نه بآن معنی که ظهر الغیب یاد گرفت بلکه قدرت حاصل کرد بر معرفت مذاهب ایشان از کتب ایشان و معرفت ماخذ و ادلهٔ ایشان بقوة قریبه از فعل بعد ازان تردد واقع شد در اختیار روشی و تعیین مسلکی که خود را بآن مقید کند زیراکه تشویش و اضطراب درین باب داء عضال ست و دید که اکثری را باعث بر تعیین مسلک عادت و الفت شده است پس اعتماد ایشان در تعیین بر آنست که در اقلیم ایشان آن مذهب شائع ست یا آبا و اجداد یا استادان و مشائخ همان مذهب داشتند و این راه لائق کسی ست که بجز کتب یک مذهب آشنا نشده باشد و در طرق تفتیش و ادله خوض نکرده باشد و جمعی مناقب فقیهی جمع کنند و محبتی باوی بهم رسانند و غافل باشند از مناقب فقیه دیگر یا غشاوهٔ تعصب چشم بصیرت ایشان را پوشیده باشد و سلوک درین راه نیز آئین این طبیعت نبود پس بتضرع تمام و جمع همت متوجه شد بحق سبحانه و طلب تعیین مسلکے نمود و استخاره کرد پس برکتی فائض شد که بآن برکت مهتدی گشت بتعیین مسلکی و اختیار مشربی و ما میخواهیم که درین رساله باجمال آن مسلک را بیان کنیم بعد ازان سند خود در ماخذ ائمهٔ اربعه از سنن و آثار و مذاهب ایشان از مسائل فقهیه بیان نمایم و بالله التوفیق —

برین تعبیر واضح ساختند که در هر مذهبی احکام سه قسم می باشند یکی ظاهر مذهب چنانکه در مذهب امام ابی حنیفه ظاهر مذهب اصول خمسه از تصانیف محمد بن الحسن ست و در مذهب امام شافعی آنچه در ام و مختصر مزنی مسطور ست دیگر نوادر مذهب و آن روایات غیر معروفه که از صاحب مذهب او یافته شود خارج از کتب مشهوره معتمده مثل امالی ابو یوسف و مثل رقائیات و هارونیات و امالی حسن بن زیاد و غیر آن سوم تخریجات اصحاب وجوه علماء مذهب مثل تخریج طحاوی و کرخی و عیسی بن ابان .

364

در مذهب ابی حنیفه و تخریج ابو اسحاق شیرازی و غیر آن در مذهب شافعی و همچنین در دین محمدی علی صاحبها الصلوات والتسلیمات مراتب ثلثه واقعست ظاهر دین و نوادر دین و تخریجات علما و این تثلیث در هر فن از فنون فقه و سلوک و عقائد جاری ست و صاحب علم و فهم کسی ست که تفرقه کند در میان مراتب ثلثه در هر فن و هر مرتبه را حکم نهد پس ظاهر دین محمدی پنج مرتبه دارد مرتبه اولی مدلول صریح قرآن که قابل تشکیک و تردد نباشد مرتبه دوم مدلول صریح احادیث مستفیضه که در صحیحین و کتاب ابی داود و ترمذی موجود اند و جمع عظیم از علما متقدمین و متاخرین بر آن رفته اند و دران باب تعارض ادله و تفاحش اختلاف روایات ظاهر نمیشود مرتبه سیوم حدیثی صحیح یا حسن که در اصول خمسه یافته شود و علما تصحیح آن کرده اند و جمعی از فقها آن را متمسک خود ساخته باشند و اسم شذوذ و ضعف یا مخالفت اجماع بر آن جاری نیست مرتبه چهارم مسائلی که صریح حدیث صحیح معروف بر آنها دلالت نمی کند لیکن اقوال جمع غفیر از صحابه و تابعین بر آنها مجتمع شده باشد خصوصا علماء مدینه با آن رفته باشند و در موطا که اشهر کتب فقهیه و اصح و مقبول ترین آنهاست مذکور شده باشد و حفاظ حدیث مثل شافعی و بخاری و مسلم تعقب بر آنها نکرده یا تشبث بحدیثی یا باقوال اکثر اهل علم و مثل آن مرتبه پنجم مسائلی که در آنها نصی از صحابه و تابعین یافته نشد لیکن علماء مجتهدین مثل مالک و شافعی و ابو حنیفه و احمد در آن تکلم کرده اند و تمسک بظواهر قویه کتاب و سنت کرده اند یا اقیسه صحیحه قویه ظاهره بران اقامت کرده اند و بعد از ایشان جماعتهای بسیار بر وفق ایشان رفته اند و تصحیح استنباط ایشان کرده پس این پنج مرتبه ظاهر دین محمدی ست و جاده قویه که ترک آن ممنوع ست و تساهل در آن قبیح و نوادر دین محمدی احادیث محکوم علیها بالضعف یا مرویه در کتب غیر مشهوره و یا آثار صحابه و تابعین که شاذ و غیر مشهور و غیر معمول باشد یا مذاهب فقها مدون نشده یا کتب آن محفوظ نمانده و تخریجات دین محمدی آنست که علما احادیث از ظواهر قویه کتاب و سنت استخراج کرده باشند یا اصل حدیث و آثار از آن ساکت ست و علما فقه آن را استنباط کرده اند و دران باب اقوال ایشان مختلف آمده و ترجیح قولی بر قولی ظاهر نشد و وجوه و ماخذ دران باب مختلف ست

وفی الکافی والحمیدی ای لایکون ادنی درجة من قول المفتی وقول المفتی یصلح دلیلاً شرعیاً فقول الرسول اولی وعن ابی یوسف خلاف ذلک لان علی العامی الاقتداء بالفقهاء لعدم الاهتداء فی حقہ الی معرفة الاحادیث وان عرف تاویلہ یجب الکفارة وفی کتاب المسافری الاتفاق واما الجواب عن قول ابی یوسف ان علی العامی الاقتداء بالفقهاء فمحمول علی العامی الصرف الجاهل الذی لا یعرف معنی الاحادیث وتاویلها لانہ اشار الیہ بقولہ لعدم الاهتداء الی معرفة الاحادیث وکذا قولہ وان عرف تاویلہ یجب الکفارة یشیر الی ان المراد بالعامی غیر العالم وفی الحمیدی العامی منسوب الی العامة

(کتاب) کافی وحمیدی مین اسکا مطلب یہہ بیان کیا ہے کہ آنحضرت کا قول قولِ مفتی سے کم درجہ نہین ہے جب مفتی کا قول اسکے لئے دلیل شرعی ہوا تو آنحضرت کا قول بطریق اولے دلیل شرعی ہونا چاہیئے۔ امام ابویوسف کا اسمین اختلاف ہے (انکے نزدیک) عامی پر فقہا کی پیروی واجب ہے کیو اسکو حدیث کی پہچان نہین۔ اور اگر وہ اس حدیث کی تاویل (جو حاشیہ صفحہ ۵ نمبر ۱ مین بیان ہوئی ہے) جانتا ہو (پہر عمداً روزہ افطار کرے) تو اسپر کفارہ نہین۔ کتاب مسافری مین اسپر اتفاق نقل کیا ہے۔

امام ابویوسف کے قول کا جواب یہ ہے کہ اس سے ایسا عامی مراد ہے جو جاہل محض ہو اور حدیث کے معنے ومراد نہ جانے اس مراد کی طرف اُنکے اس قول کا اشارہ ہے کہ ”اسکو حدیث کی پہچان نہین“۔ ایسا ہی انکا یہہ قول کہ ”اگر وہ حدیث کی تاویل جانتا ہے تو اسپر کفارہ واجب ہے“ اشارہ کرتا ہے کہ عامی سے اُنکے نزدیک ایسا شخص مراد ہے جو عالم نہو۔ (کتاب) حمیدی مین ہے کہ عامی عامہ کیطرف

Digitized by Khilafat Library Rabwah.

پس این مراتب را آگاهانیده اند اجمالاً ثم تفصیلاً فی کل باب باب بعد از آن واضح ساختند که طریق تتبع این جادهٔ قویه آنست که تحصیل کتب مشهوره حدیث کند مثل بخاری و مسلم و ترمذی و ابوداؤد و موطا را بحثاً و درایةً بخواند و کتاب شرح السنه را نیک بفهمد و با خلاف و اتفاق علما آگاه شود و ما شک نداریم که هر که چنین کند و فهمی و حدسی داشته باشد البته جادهٔ جلیه را متمیز میسازد از غیر آن و مراتب سه گانه را ادراک میکند پس مسئله اگر منصوص است در جادهٔ جلیه پس آن رد و تخلف از آن جائز نیست و اگر از تخریجات است لازم نیست در ان تخریجات اتباع فقیهی خاص بلکه اختیار کند اصح و اوفق را یا قول اکثر اهل علم را چنانکه مقلدین هر مذهبی در تخریجات مذهب می کنند و درین جا اگر تمسک بنوادر کند و ترجیح مسلکی بر مسلکی از انجهت نماید دور نیست و نیز واضح ساختند که اختلاف مسائل که امروز بنظر می آید از چهار حالت بیرون نیست یا مقبول است قطعاً مثل اختلاف قرأت و اختلاف صیغ ادعیه و اختلاف در ادای بعض سنن پس هر دو طرف اختلاف صواب است قطعاً یا اختلاف مقبول است ظناً و آن مسائل تخریجیه که در جادهٔ جلیه دلیل بر آن قائم نشد و هر جانب را وجهی هست و شاهدی و قرینه پس هر یکی بحسب تحری غالب خود عمل کند زیرا که از جاهای بسیار شارع ما را تعلیم کرده است که ما ماموریم در غیر جادهٔ قویه بتحری و اجتهاد و عمل بر وفق اجتهاد و اگر تحری حاصل شود بمذاهب اکثر علما بآن آن نیز نوعی از تحری صحیح باشد و اگر حاصل نشد هیچ وجهی توقف کند یا تقلید فقیه نماید مثل آنچه در تحری قبله گفته اند و اگر اختلاف در کیفیت ادای طاعتی است هر دو طریق را صحیح دارد و بصحت هر دو فتوی دهد بهر دو مره بعد اخری لا جمیعاً عمل بکند و اگر اختلاف در قضایا باشد البته بیک راه رود و تلون را بگذارد که مورث تهمت است پس اگر دلیلی بر ترجیح طرفی قائم شد آن را بگیرند والا بقضاء دیار خود بر وفق مذهب پادشاه یا اکثر اهل بلد کار کند یا مردود قطعاً و آن آنست که مخالف نص کتاب یا سنت مستفیضه یا اجماع سلف واقع شود و آن را البته رد باید کرد و تقلید کسی در آن باب بعد وضوح حال درست نیست و مردود ظناً و آن مخالف خبر واحد صحیح یا حسن و مخالف قواعد مقرره مشهوره است پس مواضع وجوه اختلاف را واضح ساختند و همچنین مسائل بسیا

یعنی حکم مقدمات ۱۲

(305)

فضيلة ما سبقهم اليها وهذا العصر الثالث هو الذي كان فيه المجتهدون
وهم ابن جريج وسفيان ابن عيينة بمكة وابن ابي ذئب ومحمد بن اسحق وعبيد الله بن
عمر واسمعيل بن امية ومالك بن انس وسليمان بن بلال وعبد العزيز ابن ابي سلمة
وعبد العزيز الداوردي وابراهيم ابن سعد بالمدينة وسعيد ابن ابي عروبة وحماد
بن سلمة وحماد بن زيد وعمر بن راشد وابو عوانة وشعبة وهمام بن يحيى وجرير بن
حازم وهشام الدستوائي وزكريا بن ابي زائدة وحبيب بن الشهيد وسوار بن عبد الله
وعبد الله بن الحسن وعثمان بن سليمان بالبصرة وهشام بن بشير بواسط وسفيان
الثوري وابن ابي ليلى وابن شبرمة والحسن بن يحيى وشريك وابو حنيفة و
زهير بن معاوية وجرير بن عبد الحميد ومحمد بن حازم بالكوفة والاوزاعي وسعيد
بن عبد العزيز والزبيدي والقاضي حمزة بن يحيى وشعيب بن ابي حمزة بالشام
والليث بن سعد وعقيل بن خالد بمصر كلهم على الطريقة التي ذكرت ما منهم
احد اخذ بقول امام من قبله فقبله كله دون ان يرد منه شيئا ثم وجدت
بعدهم من اعتصم بهداهم وسلك سبيلهم في ذلك نحو يحيى بن سعيد القطان
وعبد الرحمن بن مهدي وبشر بن المفضل وخالد بن المخلد وعبد الرزاق ووكيع
ويحيى بن آدم وحميد بن آدم وحميد بن عبد الرحمن الرواسي والوليد بن مسلم
والحميدي والشافعي وابن المبارك وحفص بن غياث ويحيى بن زكريا بن ابي زائدة
وابو داود الطيالسي ومحمد بن ابي عدي ومحمد بن ابي جعفر ويحيى بن يحيى النيسابوري
ويزيد بن هارون ويزيد بن زريع واسمعيل بن علية وعبد الوارث بن سعيد

سفیان بن عیینہ مکہ مین اور فلان فلان (۲۴) علما مدینہ وبصرہ و واسط وکوفہ وشام
ومصر مین) یہہ سب کے سب اسی طریق پر تھے جو ہمنے بیان کیا ہے - انمین کوئی
ایسا نہ تھا جسنے پہلون سے کسی ایک امام کے سبھی قول مان لیے ہون کسی ایک کو
رد نکیا ہو انکے بعد ہمنے اُن لوگون کو پایا جنہون نے انہی کا طریق اختیار کیا تھا -
جیسے یحیی بن سعید وغیرہ (۸۳ علما) انمین سے بھی کوئی ایسا نہ تھا جو پہلے

Digitized by Khilafat Library Rabwah.

وابنه عبد الصمد ووهب بن جریر وزاهر بن راشد وعفان بن مسلم
وبشر بن عمر وابی عاصم النبیل والمعتمر بن سلیمان والنضر بن شمیل ومکی بن
ابرهیم والحجاج بن منهال وابی عامر العقدی وعبد الوهاب الثقفی والمزکی
ووهیب بن خالد وعبید الله بن نمیر وغیرهم ما من هؤلاء احد قلد اماماً کان
قبله ثم تلاهم علی مثل ذلک احمد بن حنبل واسحق بن راهویه وابو ثور و
ابو عبید وابو خیثمة وابو ایوب الهاشمی واسحق الفزاری ومخلد بن الحسین و
محمد بن یحیی الذهلی وابو بکر وعثمان ابنا ابی شیبة وسعید بن منصور و
بن
قتیبة ومسدد والفضل بن دکین ومحمد بن المثنی وبندار ومحمد بن عبد الله
نمیر ومحمد بن العلاء والحسن بن محمد الزعفرانی وسلیمان بن حرب وعارم وغیرهم
لیس منهم احد قلد رجلاً وشاهدوا من قبلهم وراوهم فلم یروا انفسهم فی سعة
ان یقلدوا وادینهم احد منهم ثم اتی بعد هؤلاء البخاری ومسلم وابو داؤد و
النسائی ومحمد بن سنجرة ویعقوب بن شیبة وداؤد بن علی ومحمد بن نصر المروزی
وابن المنذر ومحمد بن جریر الطبری ومحمد وتقی بن مخلد ومحمد بن عبد السلام
الحسینی وغیرهم ما منهم احد اتی الی امام قبله فاخذ قوله کله فقلده بل
کل هؤلاء نهی عن ذلک وانکره ولم اجد احداً یوصف بالعلم قدیماً وحدیثاً یستجیز التقلید

اماموں سے کسی ایک کا مقلد ہو رہا ہو پھر اسی روش پر امام احمد بن حنبل وغیرہ
(۲۱ علما) ہوئے - انمیں سے ایک بھی ایسا نہیں ہوا جو کسی ایک کا مقلد ہو - انہوں نے
پہلوں کا حال مشاہدہ کیا اور انکو دیکھا پھر انکے دلوں نے کسی کی تقلید کو پسند نکیا
انکے بعد بخاری مسلم وابو داؤد وغیرہ (۱۰ علما) ہوئے انمیں بھی کوئی ایسا نہ تھا
جسنے کسی ایک امام کی تقلید کی ہو بلکہ ان سب نے اس تقلید سے منع کیا ہے اور سپر
انکار صریح فرمایا ہے - ہمنے قدیم وجدید زمانہ مین کسی ایک کو جو عالم کہلاتا
ہو ایسا نہ پایا جو تقلید کو جائز رکھتا ہو -

یہ چاروں ضمیمے مطبع مفید عام لاہور مین چھپے -